# آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر
## دفتر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ، مظفرآباد

## ٹینڈر نوٹس

نظامت اعلیٰ صحت عامہ مظفرآباد کو مالی سال 27-2026ء کے دوران بذیل خریداریوں کے لیے AJK PPRA رولز کے تحت جنرل سیلز ٹیکس رجسٹرڈ فرموں سے FOR مظفرآباد کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | نام خریداری | مختص شدہ بجٹ | کال ڈیپازٹ | ٹینڈر کھلنے کی تاریخ اور وقت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | لوکل پرچیز ادویات | 2,50,00000/- | 7,50,000/- | 08-09-2026 بوقت 11.00 بجے دن |
| 2 | آفس سٹیشنری آئیٹمز، ٹونر برائے کمپیوٹر، ٹونر فوٹوسٹیٹ مشین و فیکس مشین وغیرہ۔ | 19,80,000/- | 60,000/- | 08-09-2026 بوقت 12:00 بجے دن |

**شرائط:-**

01. ٹینڈر AJK PPRA رولز 2017ء کی شق نمبر 36 **(الف)** کے تحت واحد مرحلہ یک لفافہ جاتی طریقہ کار کے مطابق (ٹیکنکل آفر + فنانشل آفر) ایک ہی لفافہ میں ہونی چاہیں۔

02. خریداری کے سامنے درج کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ آزادکشمیر شامل کرنا ضروری ہوگی۔

03. لوکل پرچیز اور آفس سٹیشنری کا Bidding Document جس میں تمام شرائط وضوابط درج ہیں مبلغ -/3000 روپے بطور ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی) کے عوض مورخہ 08-09-2026 دن 10:00 بجے تک دفتری اوقات کار میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز (سٹور) فون نمبر 920014-05822 واقع دفتر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ، بلاک F فرسٹ فلور سٹور سیکشن ڈسٹرکٹ کمپلیکس اولڈ سیکرٹریٹ مظفرآباد سے کمپنی/فرم کے لیٹر پیڈ پر بذریعہ درخواست حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

04. ٹینڈر مورخہ 08-09-2026 کو ٹینڈر پاشگی کے لیئے مقرر تاریخ اور وقت سے 30 منٹ پہلے نظامت ہذا میں وصول کیے جائیں گے اور ٹیکنیکل وفنانشل آفر اُسی دن حاضری کے خواہشمند ٹینڈر دہندگان یاان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی نیز بذریعہ ڈاک، بروقت موصول ہونے والے ٹینڈر بھی کھولے جائیں گے۔

05. سٹیشنری آئٹمز اور ٹونرز کے ریٹس لاٹ وائز دینا ہوں گے اور ہر ایک لاٹ کے جملہ آئٹمز کا ریٹ دینا لازم ہوگا۔ جملہ آئٹمز کے انراخ درج نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ بڈر Non-Responsive تصور ہوگا۔

06. لوکل پرچیز ادویات کے لئے کامیاب ٹینڈر دہندہ 30 جون 2027ء تک منظور شدہ شرح ڈسکاؤنٹ پر بمطابق ڈیمانڈ/نسخہ ادویات مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ سٹیشنری آئٹمز پیش کردہ انراخ اور کوالٹی کے مطابق دوران مالی سال 27-2026ء ماہانہ بنیادوں پر بمطابق ڈیمانڈ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔ عدم سپلائی کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرنے کے علاوہ بلیک لسٹنگ کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

07. ٹینڈر میں حصہ لینے والی فرم کو -/100 روپے کے اسٹام پیپر پر بیان حلفی شامل کرنا ضروری ہوگا کہ وہ گورنمنٹ پاکستان وآزادکشمیر کے کسی بھی سرکاری ادارہ ونیم سرکاری ادارہ سے بلیک لسٹ نہ ہے۔

08. بلات سے تحت ضابطہ جملہ نافذ العمل ٹیکسز/ڈیوٹیز (سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، تجوید القرآن ٹرسٹ فنڈز، سٹمپ ڈیوٹی وغیرہ) کی کٹوتی عمل میں لائی جائے گی۔

09. پروکیورنگ ایجنسی پیپرا رولز کی شق نمبر 33 کے تحت ٹینڈر قبول کرنے سے قبل ایک یا جملہ ٹینڈر مسترد کرسکتی ہے۔

10. انراخ دہندہ Lot-A سٹیشنری آئٹمز اور Lot-B ٹونر پرنٹر وٹونر فوٹوسٹیٹ مشین کے نمونہ جات اپنی بڈ کے ہمراہ فراہم کرنے کا پابند ہوگا عدم فراہمی کی صورت میں متعلقہ بڈر Non-Responsive تصور ہوگا۔

11. یہ اشتہار AJK PPRA ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے اور بعد از منظوری مجاز اتھارٹی Evaluation رپورٹ اور Award of Contract بھی اپ لوڈ کیا جائے گا۔

ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ
مظفرآباد

*Email: dghealthajk@ajk.gov.pk*